**CONFIDENTIAL**

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

## خصوصی تعلیمی معذوری
## کمیٹی کے فیصلے کی بنیادی وجوہات

طالب علم کا نام_______________________________آئی ڈی#__________ملاقات کی تاریخ __________

**تعریف: خصوصی تعلیمی معذوری سے مراد بنیادی نفسیاتی عمل میں ایک یا ایک سے زیادہ خرابی ہے جن کا تعلق زبان کے سمجھنے یا اس کے استعمال، بولنے یا لکھنے سے ہے جو سننے، سوچنے، بولنے، پڑھنے، لکھنے، ہجے کرنے یا ریاضی کے حساب کتاب کرنے کی صلاحیت پر منفی اثرات ڈالتی ہیں۔ اس اصطلاح میں ایسی کمزوریاں شامل ہیں جیسے کہ سمجھ بوجھ کی کمی، دماغی چوٹ، چھوٹی سے چھوٹی دماغی بیماری، dyslexia (لکھنے پڑھنے میں مشکل) اور developmental aphasia (کسی دماغی چوٹ یا خلل کی وجہ سے بولنے یا سمجھنے میں دشواری)۔ اس اصطلاح میں ایسے تعلیمی مسائل شامل نہیں جو بنیادی طور پر بصری، سمعی یا پٹھوں کی کمزوری، ذہنی کمزوری یا کسی ماحولیاتی، تہذیبی یا اقتصادی نقصان کا نتیجہ ہوں۔**

**Dyslexia (الفاظ پڑھنے، پہچاننے، سمجھنے، یاد رکھنے اور لکھنے میں مشکل) ایک مخصوص تعلیمی معذوری ہے جس کا تعلق بنیادی طور سے اعصابی نظام سے ہے اور یہ دیگر تعلیمی معذوریوں سے الگ ہے جو زبان میں آواز سے متعلق کمزوریوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس میں ایسی مشکلات شامل ہیں جن کا تعلق الفاظ کو صحیح طریقے یا روانی سے ادا کرنے اور/ یا پہچاننے سے ہے اور اس میں ہجے کرنے میں مشکل اور الفاظ کی ادائیگی میں دشواری شامل ہے۔ یہ مشکلات عام طور سے زبان میں آواز سے متعلق کمزوریوں کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں جو کہ اکثر دیگر ذہنی صلاحیتوں اور کلاس روم میں موثر تعلیمی ہدایات کے لحاظ سے غیر متوقع ہوتی ہیں۔ دوسرے درجے کے نتائج میں پڑھی ہوئی عبارت کے معنی سمجھنے میں مشکل اور کم مطالعاتی تجربہ شامل ہو سکتا ہے جو الفاظ کے ذخیرے میں اضافے اور سابقہ معلومات کی نشونما کو روک سکتا ہے۔**

متعدد ذرائع سے لی گئی معلومات پر غور کریں، تعریف پر نظر ثانی کریں، درج ذیل معیار پر غور کریں اور کوئی بھی اضافی معلومات درج کریں۔ یاد رکھیں کہ طبی ماہر کی طرف سے بنائی گئی رپورٹ میں شامل تشخیص اہلیت کا تعین کرنے کے لیئے کافی نہیں ہے۔

**معیار.** خصوصی تعلیمی معذوری کا شکار ایسا طالب علم جسے خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے، درج ذیل **تمام** معیارات پر پورا اترے گا۔ ہر معیار کے لیئے جی ہاں یا جی نہیں میں جواب دیں اور ضرورت ہو تو اضافی معلومات فراہم کریں۔

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ A. طالب علم کو اس کی عمر یا ورجینیا کی طرف سے منظور شدہ گریڈ لیول کے معیارات کے لحاظ سے تعلیمی تجربات اور ہدایات فراہم کی گئی ہیں۔

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ B. طالب علم درج ذیل ایک یا ایک سے زیادہ شعبوں میں اپنی عمر یا ذہنی صلاحیت یا ورجینیا کی طرف سے منظور شدہ گریڈ لیول کے معیارات پر پورا نہیں اترا۔

ان تمام متعلقہ خانوں پر نشان لگائیں جن میں طالب علم نے کم قابلیت کا مظاہرہ کیا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☐ بنیادی مطالعاتی صلاحیتیں | ☐ پڑھی ہوئی عبارت کی سمجھ | ☐ روانی سے پڑھنا | ☐ سنی ہوئی عبارت کی سمجھ |
| ☐ ریاضی کے حساب کتاب | ☐ ریاضی کی مشکلات کے حل | ☐ تحریری انداز/ ہجے | ☐ زبانی انداز |

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ C. طالب علم نے ایسی عملی خرابی کا مظاہرہ کیا ہے جس کا اثر درج بالا شعبوں میں طالب علم کی کارکردگی پر پڑتا ہے۔

ان تمام بنیادی نفسیاتی عوامل پر نشان لگائیں جو زبان کے سمجھنے، بولنے اور لکھنے میں شامل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☐ سمعی تبعیض (آوازوں کے درمیان فرق) | ☐ سمعی یاداشت/ ذخیرہ | ☐ سمعی عمل | ☐ سننے کی فہم |
| ☐ اعصابی سمجھ بوجھ / معلومات کو کام میں لانے کی رفتار | ☐ الفاظ کو سننے، سمجھنے اور کام میں لانے کی رفتار | ☐ جانی پہچانی چیزوں کو نام دینے کی رفتار (الفاظ، نمبر، تصویریں، رنگ وغیرہ) | ☐ بصری تبعیض (ظاہری صورتوں/ تصاویر میں فرق) |
| ☐ بصری یاداشت/ ذخیرہ | ☐ بصری اور حرکی صلاحیتوں کا انضمام (آنکھوں اور ہاتھوں کا تعلق) | ☐ بصری ترتیب | ☐ بصری صلاحیت کو کام میں لانے کی رفتار |
| ☐ متعلقہ یاداشت | ☐ دیگر | | |

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ D. کمیٹی نے طالب علم کے مشاہدے کے دوران نوٹ کیئے جانے والے متعلقہ رویے اور اس رویے کا طالب علم کی تعلیمی کارکردگی کے ساتھ تعلق پر غور کیا۔

وضاحت کریں:

| |
|---|
| |

*فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی تحریری رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔*

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

**خصوصی تعلیمی معذوری**
**کمیٹی کے فیصلے کی بنیادی وجوہات**

طالب علم کا نام________________ آئی ڈی#____________ ملاقات کی تاریخ __________

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ E. تشخیصی نتائج (متعلقہ تمام پر نشان لگائیں):

☐ اختلافی ماڈل کا استعمال کرتے ہوئے، طالب علم نے ایسے اسکور حاصل کیئے ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ خصوصی تعلیمی معذوری کے ایک یا ایک سے زیادہ شعبے (شعبوں) میں طالب علم کی کامیابی اور ذہنی صلاحیتوں کے درمیان شدید اختلاف موجود ہے، یا

☐ ثبوتوں کی بنیاد پر تشکیل کردہ اصلاحی نتائج کا استعمال کرتے ہوئے، طالب علم نے اپنی عمر یا ورجینیا کی طرف سے منظور شدہ- گریڈ لیول کے معیارات پر مناسب کارکردگی نہیں دکھائی۔

☐ عمر، ورجینیا کی طرف سے منظورشدہ گریڈ لیول کے معیارات یا ذہنی صلاحیت کے مطابق، طالب علم نے اپنی کارکردگی، کامیابی یا دونوں میں مضبوطیوں اور کمزوریوں کے ایک انداز کا مظاہرہ کیا جس کا خصوصی تعلیمی معذوریوں کی شناخت سے متعلق تعین کیا گیا ہے۔

ان ثبوتوں کی وضاحت کریں جو ہم نے کم قابلیت کا مظاہرہ کرنے والے شعبے (شعبوں) کا تعین کرنے کے لیئے استعمال کیئے:

| |
|---|
| |

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ F. کمیٹی نے درج ذیل انتخاب کردہ عوامل پر غور کیا ہے اور انہیں طالب علم کی طرف سے پیش کی جانے والی کم قابلیت کی بنیادی وجہ کے طور خارج کر دیا ہے:

☐ بصری، سمعی یا ذہنی خرابی۔
☐ ذہنی معذوری۔
☐ جذباتی معذوری۔
☐ ماحولیاتی، ثقافتی یا اقتصادی نقصان۔
☐ محدود انگریزی کی استعداد۔

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ G. خصوصی تعلیمی معذوری طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات ڈالتی ہے۔

وضاحت کریں:

| |
|---|
| |

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ H. خصوصی تعلیمی معذوری کے نتیجے میں طالب علم کو خصوصی طور پر تشکیل کردہ ہدایات درکار ہیں۔

وضاحت کریں:

| |
|---|
| |

☐ دستیاب تمام تحریری اور زبانی معلومات کا جائزہ لینے کے بعد کمیٹی یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ مخصوص تعلیمی معذوری کے مقررہ معیار پورے کیئے گئے۔

☐ دستیاب تمام تحریری اور زبانی معلومات کا جائزہ لینے کے بعد کمیٹی یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ مخصوص تعلیمی معذوری کےمقررہ معیار پورے نہیں کیئے گئے۔

*فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی تحریری رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔*